



پھول
اور
کانٹے
ناولز کلب
از عاصمہ بنتِ کلیم
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842


Poetry
Novelette
Afsana
Column
Novel
NOVELSCLUBB
It's clubb of quality content!
Owner : Laiba Syed
اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔
ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔
آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں
ورڈ فائل
ٹیکسٹ فارم
میں دیے گئے ای۔میل پر میل کریں۔
novelsclubb@gmail.com
ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:
NOVELSCLUBB
NOVELSCLUBB
03257121842

# پھول اور کانٹے

## از قلم

## عاصمہ بنتِ کلیم

www.novelsclubb.com

# پھول اور کانٹے

از عاصمہ بنتِ کلیم

میرے دل میں ایک افسانہ ہے

جو وہ سنانے کو تیار ہے

زندگی کی معصوم سی اِک کہانی ہے

جہاں PCOS نے کسی کو دی چنوتی ہے

اک لڑکی کی ضرورت تھی

جو اپنے خوابوں کو پورا کر سکے

لیکن PCOS نے اس کی زندگی میں

رکاوٹ سی اِک کھڑی کر رکھی ہے

www.novelsclubb.com

چہرے پر بال، سر میں درد، دل ہے اداس

لیکن ہار ماننا کبھی وہ سیکھتی نہیں ہے

وہ اٹھتی ہے اور پھر سے کھڑی ہوتی ہے

اپنے جسم کو سمجھ کر وہ

پھر سے جینا سیکھتی ہے

آج وہ خوش ہے قبول کر کے PCOS کو

وہ زندگی کو جینا جو سیکھ گئی ہے

کہانی ہر اس جنگجو کی ہے

جو اپنے خوابوں کو پورا کرنے کے لیے

PCOS تک سے لڑ گزرتی ہے

www.novelsclubb.com

میم سب تیار ہے۔پرو گرام شروع ہونے میں بس 1 منٹ باقی ہے۔آپ آجایئے اپنی نشست پر۔

جی جی۔میں بھی بالکل تیار ہوں۔

1۔2۔3

السلام علیکم ورحمۃاللہ برکاتہ

جی تو میرے پیارے ناظرین !آج آپ کی یہ دوست ایک بار پھر سے حاضر ہے آپ کی خدمت میں ایک دلچسپ کہانی کے ساتھ۔جیسے کہ آپ جانتے ہیں کہ ہم ہر اتوار کو پرو گرام میں سبق آموز کہانیاں سناتے ہیں تاکہ ہم ان اسباق کو سمجھیں اور ان پر عملدرآمد کر کے اپنے اور اپنے پیاروں کے لئے آسانیاں پیدا کر سکیں۔تو چلیئے کرتے ہیں آغاز اک اور نئی کہانی کا...

کہانی ہے ایک پیاری معصوم سی، کچی عمر کی، تھوڑی سانولی سی، سب کی لاڈلی سی،اپنے خاندان کی بڑی پوتی،اسما کی۔۔۔

یا اللہ میری بچی کی حفاظت کرنا بھیج تو دیا اس کو لاہور اور وہ بھی اس کے چچاؤں کے ساتھ، عمر بھی اس کی 12 سال ہو چکی ہے، بس یا رب تو خیر کرنا آمین۔

ہاہاہاہا اور نہیں تو کیا تمہیں پتہ ہے اور ہم نے لاہور میں کیا کیا تھا۔۔ کیا کیا تھا؟ (اشتیاق سے پوچھا گیا معصومانہ سوال) ہم نے نہ وہاں پر۔۔۔

مس میں آجاؤں؟ جی جی گارڈ بھائی کیا بات ہے؟ مس جی آپ کی کلاس کی بچی اسما کو اس کے بابا لینے آئے ہیں، اسے بھیج دیجیئے گا۔ اسما بیٹا آپ کو لینے آئے ہیں، اپنا بیگ لے کر چلی جائیے۔ جی مس جی۔

کیا ہوا ہے؟ کیوں لینے آئے ہیں بابا مجھے وہ بھی 9 بجے، ابھی 8 بجے ہی تو اسکول آئی تھی، پھر کیا ہو گیا؟ اللہ گھر میں سب خیریت رکھنا آمین۔

السلام علیکم مما جی۔ وعلیکم السلام بیٹا۔ کیا ہوا مما سب خیر تو ہے نا، آج سے پہلے تو کبھی ایسے نہیں بلایا گھر اسکول سے، اور آپ اتنی پریشان کیوں لگ رہی ہیں، کیا بات ہے؟ ہششش! آؤ میرے ساتھ اندر کمرے میں۔ جی!

بیٹھو ادھر! ہمم۔۔۔اب میں جو باتیں بتانے جارہی ہوں ان کو دھیان سے سننا، پریشان مت ہونا گھبرانا بھی نہیں، یہ آپ کے بالغ ہونے کی نشانی ہے، سمجھ رہی ہونا بیٹا۔پر مما جی بات کیا ہے؟ دیکھو بیٹا۔۔۔

وہ پچھلے ایک گھنٹے سے (مما کے بتائے کام کرنے کے بعد) سن بیٹھی تھی۔اسے ابھی بھی سمجھ نہیں آیا تھا کہ آخر ہوا کیا ہے اس کے ساتھ، یہ سب اتنا عجیب کیوں ہے، اب اسے ان حالات کا سامنا ہر کچھ عرصہ بعد کرنا ہوگا، یہ سب کیا ہے، کیوں ہے، اس کی سب کزنز اور تو اور مما کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔

السلام علیکم! آپی آپ پہلے کیسے آگئی، ہم آپ کو ڈھونڈ رہے تھے جب گیٹ سے باہر نکلے تب بابا نے بتایا کہ آپ پہلے ہی گھر چلی گئی تھی۔کیوں؟ کیا ہوا پہلے کیوں آئی آپ؟

(اللہ اب میں ان کو کیا بتاؤں (مما نے منع بھی کیا ہے) کہ میرے ساتھ یوں اچانک کیا ہو گیا ہے، میں بے بس ہوں اللہ میری مدد کرنا) کچھ نہیں بس تھوڑا سا پیٹ درد ہو رہا تھا تو آگئی، چلو جا کر اپنی یونیفارم تبدیل کرو سب شاباش بھاگو یہاں سے سب۔

3ماہ بعد۔۔۔

اللہ تیرا شکر ہے آج میں سکون سے نماز پڑھ سکتی ہوں۔

2دن بعد۔۔۔

اللہ یہ سب کیا ہے، یہ کیا ہو رہا ہے اور کیوں میں میں اب کیا کروں، یہاں ماموں گھر میں کیسے مما کو بلاؤں، وہ تو سب خالہ اور ماموں کے ساتھ بیٹھی ہیں۔اور اور یہ کیا ہو رہا ہے میرے ساتھ مما نے تو اس دن کہا تھا کہ۔۔۔

"دیکھو بیٹا اللہ کا ایک نظام ہے اور اس کی ہر کام میں کوئی نہ کوئی مصلحت ہوتی ہے۔اس نے انسانوں کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے نا بچے، تو اس نے اپنی مخلوق میں عورت کو اتنا مضبوط بنایا ہے کہ وہ بچپن سے ہی جسمانی مشکلات برداشت کرنے لگ جاتی ہے۔آج جب میں کپڑے دھو رہی تھی، تب آپ کے کپڑے دھوتے وقت میری نظر آپ کے سفید ٹراؤزر پر پڑھی اور مجھے معلوم ہوا کہ آپ اب بالغ ہو گئی ہیں۔آپ کے پیریڈز آچکے ہیں۔دیکھو بیٹا اس حالت میں آپ جسمانی کمزوری محسوس کریں گی،اسی لیے اللہ نے اپنی پیاری بندیوں کیلئے آسانی

کے طور پر انہیں جسمانی مشقت والی عبادات معاف کر دی ہیں۔ آپ کو اب اپنی ہائیجین کا پہلے سے زیادہ خیال رکھنے کی ضرورت ہے اور یہ پیریڈز والے معاملات میرے علاوہ کسی بہن بھائی کو نہیں بتائیں گی جو بھی مسئلہ ہو مجھ سے کہنا ہے اور ہاں اب سے یہ ہر ماہ ایک ہفتے کے لئے، کم از کم 45 سال کی عمر تک آپ کو ہوں گے۔ تو پریشان نہیں ہونا یہ سب لڑکیوں کے ساتھ ہوتا ہے مخصوص عمر میں۔ یہ اللہ کا نظام ہے۔"

ممانے تو کہا تھا کہ ہر ماہ ایک ہفتے ہوں گے پیریڈز تو پھر یہ سب کیا ہے؟

دیکھئے میں نے بچی کا الٹرا ساؤنڈ کر لیا ہے، اس کی تو ابھی سے چربی بننا شروع ہو گئی ہے، واک کروائیں اور یہ ادویات میں نے لکھ دی ہیں، یہ وقت پر دیں ٹھیک ہو جائے گی، خون کی کمی کی وجہ سے ایسے ایک ماہ میں دوسری مرتبہ اس کو حیض ہوا ہے۔ دوادیں، واک کروائیں، فائبر، آئرن والی غذادیں ٹھیک ہو جائے گی۔

مما بہت درد ہو رہا ہے مما۔۔۔بیٹا کچھ نہیں ہوتا ہو جاتا ہے ابھی یہ گرم دودھ پیو گی نا تو دیکھنا ٹھیک ہو جاؤ گی۔ بابا! آؤ میرے ساتھ ہم ہسپتال چلتے ہیں کیسے تڑپ رہی ہے آؤ میرا بہادر شیر بیٹا۔ چلو۔۔۔

بچی کو انجیکشن لگا دیا ہے کچھ دیر تک ٹھیک ہو جائے گی آپ گھر جا سکتے ہیں۔

مما! میرے ساتھ یہ کیا ہو رہا ہے؟ چکر آرہے ہیں، درد ہو رہا ہے اللہ۔۔۔آؤ اٹھو دوسری ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں اس والی کو لگتا ہے صحیح سے مسئلہ سمجھ میں نہیں آیا۔

یہ کیا حال کیا ہوا ہے آپ نے بچی کا؟اس کا رنگ دیکھیں۔ابھی مجھے اس کا HB ٹیسٹ کروا کر دکھائیں فوراً!!

مما وہ ڈاکٹر ایسے کیوں کہہ رہی تھی، کیا ہو رہا ہے، مجھے انجیکشن نہیں لگوانا بابا آہ۔۔۔۔۔۔۔

یہ دیکھیں بچی کا HB 5 پوائنٹ پر ہے جبکہ نارمل 12 ہوتا ہے، اس کی حالت دیکھیں، یہ مر جائے گی اس کو HB لگوائیں فوراً!!

مما بابا مجھے نہیں مرنا۔۔وہ ڈاکٹر ایسے کیوں کہہ رہی تھیں پلیز مجھے بچا لیں۔۔۔

آہ۔۔۔۔۔۔

در۔۔دد رد ہ۔۔و ہو ر ی ہ۔۔ے ہے (آنسوؤں کے درمیان بولا جانے والا معصومانہ جملہ)

یہ آج ان کی تیسری HB کی ڈرپ مکمل ہو گئی ہے۔آپ لوگ گھر جا سکتے ہیں اور ادویات وقت پر دیں۔

چھو۔۔۔ چھو۔۔۔ چھو۔۔۔دم کر دیا ہے بچی پر۔بس ذرا سے اثرات تھے اب یہ ٹھیک ہو جائے گی۔

مزید کچھ عرصہ بعد۔۔۔

"ہم بہت پریشان ہیں حکیم صاحب 3 سال ہو گئے، 10 مختلف ڈاکٹر سے علاج کروالیا، دم کروالیے پیروں سے لیکن کوئی فرق نہیں پڑھ رہا۔اس کے حیض پابندی سے نہیں آرہے۔ 15

www.novelsclubb.com

15 دن رہتے ہیں، جب تک دوا نہ لے یہ پاک نہیں ہوتی۔ "کوئی مسئلہ نہیں ہے یہ 4 قسم کے عرق ہیں یہ دیں ٹھیک ہو جائے گی۔

مما۔۔۔ بابا۔۔۔۔ اللہ! کوئی تو میری مدد کرو کوئی تو کردو اللہ! تو کیوں ناراض ہے مجھ سے ؟ مجھے نماز پڑھنے کی توفیق کیوں نہیں دے رہا؟ 5 سال ہو گئے میرا اسکول مکمل ہو گیا۔ میں آج گیارہویں جماعت میں ہوں۔ اسکول کی دوستوں نے مجھے چھوڑ دیا تھا کیونکہ میری طبیعت ٹھیک نہیں رہتی اور بہت چھوٹیاں کرتی تھی اور ہوں! کیا قصور ہے میرا آخر۔۔۔۔ رات کے پہر روتی ہوئی معصوم آنکھیں پچھلے 5 سالوں کی طرح آج پھر رو کر، بے بسی کے عالم میں لیٹے ہوئے کمزور وجود کی شکایتیں عروج پر تھیں، ساتھ ساتھ اپنا قصور جاننے کی کوشش بھی جاری تھی۔

یااللہ! آج تیرے در پر موجود ہیں کعبہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔ اے اللہ میری بڑی بیٹی اسما کو شفا عطا فرما دے 5 سالوں سے وہ تکلیف میں ہے اللہ! ایک باپ سے اس کی بیٹی اور وہ بھی بڑی، کی تکلیف نہیں دیکھی جاتی۔ اللہ میں جانتا ہوں وہ تکلیف میں ہوتی ہے پر اب تو

بتاتی بھی نہیں کسی کو نہ ظاہر کرتی کہ وہ تکلیف میں ہے پر تو تو سب جانتا ہے، سب دیکھتا ہے نا اس کو شفا دے دے اے میرے اللہ۔۔

امی (دادی)۔۔۔بس بیٹا ابھی ٹھیک ہو جائے گا درد۔ایسے نہیں کرتے ابھی تیرے بابا اور مما عمرے پر گئے ہوئے ہیں نا وہ ادھر پریشان ہو جائیں گے۔بس صبر کر بیٹا صبر۔۔۔

جاؤ بیٹا اپنی بہنوں کو بلا لاؤ صفائی کر لیتے ہیں گراؤنڈ فلور کی۔آاا با باوہ۔۔وہ نہ اسما کے پیٹ میں درد تھا وہ رو رہی تھی ایسا کرتے ہیں ہم دونوں مل کر کر لیتے ہیں۔(اللہ) ٹھیک ہے بیٹا۔

اللہ جی! ویسے ایک بات تو ہے۔جب یہ 3 ماہ میرے پیریڈز نہیں آتے، یہ میری زندگی کے خوبصورت لمحات ہوتے ہیں۔ہاں میں 45 سے 65 کلو وزن کی ہو گئی ہوں، میں بہت ادویات استعمال کر چکی ہوں، میرے چہرے اور جسم پر اضافی بال آ چکے ہیں، میرے سر سے بھی بال بہت جھڑتے ہیں، کم بھی ہو گئے، میں کئی کئی ہفتے تیری ٹھیک سے عبادت نہیں کر سکتی، پر یارب! اب میں تیری رضا میں راضی ہونا سیکھ رہی ہوں۔ مجھ پر تکلیف کے یہ لمحے آتے ہیں

ناجب، تب لگتا ہے کہ یہ گزر ہی نہیں رہے۔ پر اللہ جی! آپ جن لمحات میں مجھے خوشی اور سکون دیتے ہیں نہ ان کا کوئی ردوبدل ہی نہیں (مسکراہٹ)۔

دیکھئے اتنی سی عمر میں اس بچی کی اتنی موٹی میڈیکل فائل بن چکی ہے، آپ کو اندازہ ہے اس کے بچے دانی میں مسئلہ ہو سکتا ہے، اس کو آگے جا کر کتنے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا اور۔۔۔

(اللہ! یہ کیا ہو رہا ہے ابھی تو میں 18 سال کی ہوئی ہوں اور یہ ڈاکٹر ایسے باتیں کیوں کر رہا ہے؟ اے اللہ! میرا معملہ تیرے حوالے)

اللہ میری دادی فوت ہو گئی آج اور۔۔۔ اور می۔۔ میں تو ان کیلئے صحیح سے مغفرت کی دعا بھی نہیں کر سکی، نہ ان کیلئے قرآن پڑھ سکی کیونکہ آج مجھے 1 ماہ ہو گیا ہے اور میں اب بھی ناپاکی کی حالت میں ہوں مجھے ٹھیک کر دے اللہ پلیز!!

مم۔۔ مم۔۔ مما می۔۔ میں (پھولا ہوا سانس) تھ۔۔ تھک گئی ہوں اب بس۔۔۔

آج یہ اس کی ساتویں ڈرپ ہے۔ آپ اس شہر کے سب ڈاکٹر سے علاج کروا چکے ہیں۔ اب میرا مشورہ یہی ہے کہ کسی اچھے بڑے شہر کے ہسپتال سے اس کا علاج کروالیں!

السلام علیکم ڈاکٹر! یہ میری فائل ہے ابھی مجھے 2 ماہ سے مسلسل بلیڈ نگ ہو رہی تھی، وہ دوا لینے کے بعد آج میں 4 دن بعد یہاں سفر کر کے آئی ہوں آپ پلیز میرا ٹھیک سے علاج کر دیں۔ دیکھو بچے! آپ کی فائل میں نے دیکھ لی ہے آپ یہ لیبارٹری سے ٹیسٹ کروائیں پھر ہم باقی پراسیس کرتے ہیں ہمم۔۔۔

جی! تو میرا شک صحیح نکلا آپ کو آج تک ان 6 برس بھوک لگنے کی، خون چڑھانے کی، بلیڈ نگ کو روکنے کی ادویات کا استعمال کروایا گیا ہے جب کہ آپ کا مسئلہ کوئی مسئلہ ہی نہیں۔ آج کل ہر 70 فیصد لڑکیاں خالص خوراک کے نہ ہونے اور زیادہ ایکٹیویز کے نہ ہونے کی وجہ سے اس چیز کا شکار ہیں جس کا نام ہے "PCOS(Polycystic Ovarian Syndrome)" میرے پاس آئے روز ٹین ایج لڑکیاں آتی ہیں جن کو یہی ایشو ہے۔ آپ کو زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ بس اس دوا کو 3 ماہ باقاعدگی سے استعمال کریں۔

یہ ہے ڈائٹ پلان اس کو فالو کریں، واک کم از کم 20 منٹ کی روزانہ کریں، وقت پر سوئیں اور صبح وقت پر اٹھیں، زیادہ سے زیادہ ایکٹیو رہیں۔ جب آپ کی روٹین درست ہو جائے گی تب آپ بالکل ٹھیک ہو جائیں گی۔

شکریہ ڈاکٹر اور امم۔۔۔۔

ڈاکٹر جی شادی کے بعد امم۔۔۔۔

جی میں سمجھ گئی ہوں بیٹا (شائستانہ مزاج والی پروفیشنل ڈاکٹر اب نرم نگاہوں سے اسما کو دیکھتے ہوئے اس کے اہم مسئلے کو حل کرنے لگی) آپ کو ان سب چیزوں کی ابھی فکر نہیں کرنی۔ میں جانتی ہوں ہمارا معاشرہ ایسا ہے کہ بچوں کو ڈرا دیتا ہے۔

آپ کو پریشان ہونے کی بالکل بھی ضرورت نہیں ہے۔

اللہ ہے نا وہ جانتا ہے کسے صاحب اولاد کرنا ہے کسے نہیں! وہ ہم بندوں پر ہماری استطاعت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ وہ ہم سب پر اپنا کرم کرتا ہے۔ وہ آپ کو ہر پریشانی سے نکال لے گا۔ اور آج کل تو میڈیکل سائنس نے اتنی ترقی کر لی ہے اب تو یہ مسئلہ ہی نہیں ہے۔

ہاں۔۔ لیکن ہمارے چھوٹے شہروں اور گاؤں نے ابھی ترقی نہیں کی پر امید ہے بہت جلد ترقی کر لیں گے ہم انشااللہ۔

پریشان نہیں ہوتے دعا کرتے ہیں۔ شکریہ ڈاکٹر بہت شکریہ۔

جی تو میرے پیارے ناظرین آج ہم نے ایک کہانی سنی، آج کل کی پیاری لڑکیوں کی مشکلات کے حوالے سے۔ آپ کو یہ سنانے کا مقصد کیا تھا؟ کیا سیکھا آپ نے؟ سب سے پہلے تو کسی کو بھی جج مت کیجیئے۔ آپ نہیں جانتے کون کس امتحان سے گزر رہا ہے۔ اس دور میں ہر شخص struggle کر رہا ہے۔

Everybody is fighting their own silent battles...

www.novelsclubb.com

میری گزارش ہے والدین سے کہ اپنے بچوں کو صحت مند غذا دیں۔ پیاری معصوم بچیوں سے کہ ایکٹیو بنیں، اپنی روٹین صحیح کریں، سٹریس جتنا ہو سکے کم لیں، اور کسی کیلئے نہیں بلکہ اپنے لیے جینا سیکھیں۔ آپ کو اس دنیا کے بیوٹی سٹینڈرڈ میں اول آنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جب تک آپ خود کو قبول نہیں کریں گی آپ کامیاب نہیں ہوں گی۔

میری درخواست پیارے بھائیوں سے بھی ہے کہ وہ باپ، بھائی، شوہر، بیٹے، جس بھی روپ میں ہیں، اپنے گھر کی خواتین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں۔ان کے خاص ایام میں ان کا خیال رکھیں کیونکہ اس وقت وہ ذہنی، جسمانی، روحانی طور پر بالکل بھی بہتر محسوس نہیں کر رہی ہوتیں، تو اس وقت ان کا خاص خیال رکھا کیجیئے کیونکہ یہ ٹھیک ہوں گی تبھی آپ پرسکون محسوس کریں گے۔

اور جن ناظرین کو لگتا ہے کہ ہمیں حیا کرنی چاہیے ہے تو قرآن کھولیے اور پڑھیے وہاں اللہ نے ہر ایک چیز کو کھول کر بیان فرمایا ہے۔اور اللہ کے نبی اور ازواج مطہرات نے بھی ہمارے لیے ہر مسئلے کا حل تفصیل سے بیان کیا ہے۔

www.novelsclubb.com

چلیں ناظرین ہمارے پروگرام کے اختتام کا وقت ہو چکا ہے۔امید کرتی ہوں آپ سب اپنا اور اپنے پیاروں کا خیال رکھیں گے۔سب کو دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔

آپ کی ہوسٹ اب اجازت چاہتی ہیں۔اب ملیں گے ہم ایک اور نئی کہانی کے ساتھ اگلے اتوار تب تک کیلئے اجازت۔فی امان اللہ۔

کیسا لگا پروگرام ٹھیک تھا؟ جی میم۔ پر میرا ایک سوال ہے۔ جی جی پوچھیئے۔

آپ نے جب سے پروگرام شروع ہوا ہے، 2 ماہ سے، ہر ماہ ایسی کہانی سنائی ہے جو آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہو، تو کیا یہ کہانی بھی آپ نے دیکھ رکھی تھی۔

ہوسٹ اپنی پر اسرار مسکراہٹ کے ساتھ جواب دیتی ہیں کہ: "ضروری نہیں ہر کہانی دیکھی ہوئی ہوں کچھ آپ بیتی بھی ہوتی ہیں خیر۔۔۔اتنا بتا دوں کہ آج وہ معصوم بچی "اسما" ایک کامیاب انسان ہونے کے ساتھ ساتھ 4 صحت مند بچوں کی ماں ہیں۔

اللہ کے کن پر بھروسہ رکھیں اور یہ کہتے رہیں کے اللہ تو ایسے راضی تو چلو میں بھی تیری رضا میں راضی۔"

چلتی ہوں گھر پر بچے انتظار کر رہے ہوں گے جا کر ان کی کہانی بھی تو سننی ہے کہ آج میں کیسی لگی ان کو۔

فی امان اللہ!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP: